यहाँ से काटिए

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

No. of Questions - 23

No. of Printed Pages - 7

# S-72-Urdu(T.L.)(D&D)

## SECONDARY (D & D) EXAMINATION - 2022

## URDU

## (Third Language)

Time : 3 : 45 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ/طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اُس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، اُن حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

## حصّہ (الف)

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے :

(i) سبق ''بے تکلفی'' کی شروعات کس مشہور شاعر کے مصرعے سے ہوتی ہے؟ [1]

(الف) میرؔ (ب) غالبؔ

(ج) ذوقؔ (د) اقبالؔ

(ii) راجپوتوں کے ایک سردار کا نام تھا: [1]

(الف) دھنپت (ب) رگھوپت

(ج) لاجپت (د) گنپت

(iii) اُتّر بھارت میں کون سی پراکرت بولی جاتی تھی؟ [1]

(الف) شورسینی (ب) ماگدھی

(ج) اردھ ماگدھی (د) مہاراشٹری

(iv) سبق ''خدا کے نام خط'' کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ [1]

(الف) انگریزی (ب) گریک

(ج) یونانی (د) اسپینی

(v) ڈاکٹر امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ [1]

(الف) مہار (ب) مہاجن

(ج) کمہار (د) لوہار

(vi) آپ کے نصاب میں شامل رتن سنگھ کی کہانی میں کاٹھ کا گھوڑا کسے کہا گیا ہے؟ [1]

(الف) بندو (ب) بدرو

(ج) چنّو (د) منّو

(vii) آپ کے نصاب میں شامل کس شاعر نے خصوصاً بچوں کے لیے نظمیں لکھی ہیں؟ [1]

(الف) نظیؔر اکبر آبادی نے (ب) بشؔر نواز نے

(ج) اسمٰعیؔل میرٹھی نے (د) ساحؔر لدھیانوی نے

(viii) ''موت کا ایک دن معیّن ہے'' میں معیّن کے معنی ہیں: [1]

(الف) عارضی (ب) طے شدہ

(ج) کبھی کبھی (د) ہمیشہ

(ix) خدائے سخن کے لقب سے کس شاعر کو یاد کیا جاتا ہے؟ [1]

(الف) ذوقؔ کو (ب) غالبؔ کو

(ج) نظیؔر کو (د) میرؔ کو

(x) اقباؔل کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

(الف) دہلی میں (ب) لکھنؤ میں

(ج) سیالکوٹ میں (د) کراچی میں

(xi) ''روش روش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے'' میں کہکشاں کے معنی ہیں: [1]

(الف) ستاروں کا جُھرمُٹ (ب) پھولوں کی لڑی

(ج) پانی کی بوندیں (د) درختوں کی قطار

(xii) ذوقؔ کا اصل نام تھا: [1]

(الف) شیخ محمد رحیم (ب) شیخ محمد ابراہیم

(ج) شیخ محمد کریم (د) شیخ محمد اسمٰعیل

2. مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجیے:۔

(i) ________ بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔ [1]

(ii) سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے ________ بے حد ضروری ہے۔ [1]

(iii) رضیہ سلطان نے صرف ________ سال حکومت کی۔ [1]

(iv) ڈراما ''کارتوس'' کے مصنف ________ ہیں۔ [1]

(v) تعریف اس ________ کی جس نے جہاں بنایا۔ [1]

(vi) لائی حیات، آئے ________ لے چلی، چلے۔ [1]

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

(i) لین شو کی فصل کس سے تباہ ہوئی؟ [1]

(ii) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟ [1]

(iii) سبق ''کاٹھ کا گھوڑا'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟ [1]

(iv) بھیم راؤ کے نام میں امبیڈکر کیوں شامل ہوا؟ [1]

(v) رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟ [1]

(vi) ڈراما ''کارتوس'' کے مطابق سعادت علی کون ہے؟ [1]

(vii) نظم ''نیکی اور بدی'' کے مطابق کس کی ناؤ پار اُترتی ہے؟ [1]

(viii) ذوقؔ نے عقل پر فخر کرنے سے کیوں منع کیا ہے؟ [1]

(ix) ''قدم بڑھاؤ دوستو!'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ [1]

(x) بے چینی کے عالم میں شاعر پر کیا بیت رہی ہے؟ [1]

(xi) مرزا غالبؔ کب پیدا ہوئے؟ [1]

(xii) ذوقؔ کس بادشاہ کے اُستاد تھے؟ [1]

## حصّہ (ب)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے :

قومی یکجہتی ہمارے ملک کی وہ انمول دولت ہے جس کی حفاظت اب ہمارے کندھوں پر ہے۔ مذہب 'زبان 'علاقہ اور ذات کے فرق کو دِلوں سے نکال کر بھائی چارے کو بڑھانا ہے۔ قومی یکجہتی کو مزید پروان چڑھانے کے لیے ہماری بھی ذمہ داریاں ہیں ۔ہمیں مذہبی تعصّب کو دور کرنا ہے اور مشترکہ تہذیب کی پہچان کو برقرار رکھنا ہے۔ ہر مذہب کے تہوار' ہولی' دیوالی 'عید' بقرید' کرسمس ڈے' گڈ فرائیڈے' گرونانک جینتی' مہاویر جینتی وغیرہ کو مل جل کر منانا ہے۔ مندر' مسجد' گردوارے اور گرجا گھر خالق کائنات کی عبادت گاہیں ہیں' ان سب کا احترام کرنا ہے۔

-4 ہمارے ملک کی انمول دولت کیا ہے؟ [2]

-5 قومی یکجہتی کو پروان چڑھانے کے لیے ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ [2]

-6 ہمیں کن جگہوں کا احترام کرنا ہے؟ [2]

.7 اس اقتباس میں استعمال ہوئے لفظ'مشترکہ' کا مطلب لکھیے ۔ [2]

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجیے:

.8 فعل کی تعریف لکھیے ۔ [2]

.9 فاعل کی تعریف لکھیے ۔ [2]

.10 محاورہ ''پھولا نہ سمانا'' کے معنی لکھیے ۔ [2]

.11 کہاوت ''جیسی کرنی ویسی بھرنی'' کے معنی لکھیے ۔ [2]

.12 مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے : [2]

(i) دشمن (ii) نزدیک

.13 مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامتیں لکھیے : [2]

(i) قوسین (ii) ختمہ

**.14** مندرجہ ذیل واحد الفاظ کے جمع لکھیے : **[2]**

(i) مکان (ii) خط

**.15** مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے: **[2]**

(i) عقل (ii) وفا

**.16** لین شو نے خدا کے نام خط میں کیا لکھا؟ **[2]**

حصّہ (ج)

**.17** مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے: **[3]**

ہندوستان ایک لمبا چوڑا دیش ہے جس میں کہیں اُونچے پہاڑ اور گہری ندیاں راستہ روکتی ہیں۔ کہیں پھیلے ریگستان ہیں جن میں آبادی کم ہے۔ کہیں زمین سونا اُگلتی ہے، کہیں بنجر ہے اور کچھ پیدا نہیں ہوتا۔ پھر یہاں کے بسنے والوں کو دیکھو تو کالے بھی ہیں اور گورے بھی، خوبصورت بھی ہیں اور بدصورت بھی، لمبے قد والے بھی ہیں اور چھوٹے قد والے بھی، جنگلیوں کی طرح زندگی بسر کرنے والے بھی ہیں اور بڑے بڑے شہروں میں رہنے والے بھی۔ یہاں نہ جانے کتنی طرح کے لوگ ملتے ہیں اور کتنی طرح کی زبانیں اور بولیاں بولتے ہیں۔

یا

وزیر علی کو معزول کرنے کے بعد ہم نے اسے بنارس پہنچا دیا اور تین لاکھ روپے سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا۔ کچھ مہینے بعد گورنر جنرل نے اسے کلکتے طلب کیا۔ وزیر علی کمپنی کے وکیل کے پاس گیا جو بنارس میں رہتا تھا اور اس سے شکایت کی کہ گورنر جنرل اسے کلکتے میں کیوں طلب کرتا ہے۔ وکیل نے شکایت کی پروانہ کی۔ اُلٹا اسے بُرا بھلا سنا دیا۔ وزیر علی کے دل میں یوں بھی انگریزوں کے خلاف نفرت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اس نے خنجر سے وکیل کا کام تمام کر دیا۔

**.18** منشی پریم چند کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ **[3]**

یا

کنھیّا لال کپور کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

19. مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے: [3]

(i) کوئی اُمید بر نہیں آتی　　　کوئی صورت نظر نہیں آتی

(ii) نازُکی اس کے لب کی کیا کہیے　　　پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

یا

مندرجہ ذیل نظم کے جزُ کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے:

سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی، روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیا پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا

20. نظم ''نیکی اور بدی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ [3]

یا

نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

حصّہ (د)

21. غزل کی مختصر تعریف لکھیے۔ [4]

یا

نظم کی مختصر تعریف لکھیے۔

22. فرض کیجیے آپ کا نام محمد شاکر ہے اور آپ گورنمنٹ سیکنڈری اسکول کوٹہ میں پڑھتے ہو۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو فیس معافی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ [4]

یا

اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھیے جس میں تعلیمی سفر پر جانے کی اجازت اور دو ہزار روپیے طلب کیے گیے ہوں۔

23. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے: [4]

(i) یومِ آزادی

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

(iii) تعلیم میں کمپیوٹر اور موبائل کی اہمیت

✔ ✔ ✔ ✔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE